القران تدبر و عمل

15 مئی 2018

سورة الملك کا تعارف اور فضیلت

- مکی سورة
- ترتیب نزول کے اعتبار سے 67 نمبر پر ہے.
- اللہ تعالی کی ثناء کے اسلوب سے سورت کا آغاز ہوتا ہے.

سورة الملك کے کئی نام ہیں.

- الملک (اللہ تبارک و تعالی کی بادشاہت کا حال بیان کیا گیا ہے)
- تبارک(سورۃکا آغاز اس لفظ سے ہواہے)
- بیده الملک(نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نام بھی دیا ہے)
- المانعة(روکنے والی)
- المنجية(نجات دینے والی)
- الواقية (بچانے والی)
- المجادلة (اپنے پڑھنے والے کے لیے جھگڑا کرنے والی)

فضیلت

- سورة الملك عذاب قبر سے روکنے والی ہے.
- قرآن مجید میں تیس آیات پر مشتمل ایک سورة ہے جو اپنے پڑھنے والے کی سفارش کریگی حتی کہ اسے بخش دیا جائے اور وہ سورة الملك ہے.

نبی کریم ﷺ رات کو سونے سے پہلے اس سورة کو ضرور پڑھتے تھے.

سورة کا موضوع

آخرت اور اللہ تعالی کی عظمت و قدرت کا پیغام ہے.

رمضان کا ٹارگٹ

روزانہ ایک آیت کو حفظ کرنا اور لفظی ترجمہ یاد کرنا.

سورة الملك

- تَبٰرَکَ الَّذِیۡ بِیَدِہِ الۡمُلۡکُ ۫ وَ ھوعَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرُۨ

تبارك کے مختلف معنی

ب ر ک اس کے دو مصدر ہیں

- برکة (فراوانی, کثرت اور اضافت کا مفہوم پایا جاتا ہے)
- بروک (ثبات ولزوم کا مفہوم ہے)

- کمال درجے کی فراوانی
- بھلائی کا نازل ہونا اور اس کی خیر کا ہمیشہ قائم رہنا
- بلندی
- عظمت و بزرگی میں بڑھنا
- تقدس و پاکیزگی

ابن القیم رحمه الله کا فرمان ہے:

جہاں تک تبارك کا تعلق ہے تو یه لفظ صرف الله تعالی کے ساتھ خاص ہے.

- ت- کی زیادتی کی وجه سے اس میں شدت آگئی ہے یعنی بہت زیادہ خیر پہنچانے والا.
- الله تعالی کی طرف منسوب ہر چیز بابرکت ہوتی ہے جیسے بیت الله, رسول الله, دین الله, وغیرہ
- جس چیز میں الله تعالی برکت رکھیں وہ بھی بابرکت ہوجاتا ہے جیسے مکه, مسجد اقصی.
- صحابه کرام نبی کریم صلی الله علیه وسلم کے وضو کے پانی سے برکت حاصل کرتے تھے لیکن ان کے علاوہ کسی اور سے ایسا کرنا صحابه کے فعل سے ثابت نہیں ہے.
- حضرت ابوبکر صدیق رضی الله عنه کے گھرانے کو الله سبحان تعالی نے لوگوں کے لیے باعث برکت بنایا.
- برکت تمہارے بڑوں کے ساتھ ہے.(مفہوم حدیث)
- جتنا تقوی, اخلاق, اخلاق اور لوگوں کو فائدہ پہنچانے کی صلاحیت ہوگی اسی اعتبار سے برکت ہوتی ہے.
- **مخلوق میں برکت** سے مراد ان سے خیر پہنچنا ہے-
- **جگه میں برکت** سے مراد اس جگه سے لوگوں کو خیر پہنچنا ہے.
- گناہوں کی زیادتی اور الله کے ذکر سے غفلت نحوست کا باعث ہے.

الملك کی وضاحت

- حکومت کرنا, اقتدار و اختیار ہونا
- وہ ذات جس کے ہاتھ میں آسمان وزمین پوری کائنات کی بادشاہت ہے.
- تقدیر,کونی اور شرعی احکامات سب اللہ بزرگ و برتر کے تابع ہے.
- نبوت کی بادشاہت بھی اسی ذات کے ہاتھ میں ہے جسے چاہے عطا فرمائے.
- اللہ سب مالکوں کا مالک ہے.
- جب اپنی ملکیت کا زعم نہیں رہتا تو انسان ہر چیز احتیاط سے استعمال کرتا ہے.
- اللہ کی ملکیت پر یقین انسان کو مطمئن رکھتاہے کہ مجھ سے کوئی نعمت چھین نہیں سکتا اور نہ ہی اسے اپنا کمال سمجھتا ہے.
- جب اللہ تعالی کو غالب سمجھیں گے تو دعاؤں میں بھی اخلاص پیدا ہوگا.
- اللہ کی ذات پر یقین انسان کو مایوسی کے اندھیروں سے نکالتا ہے.

- اللہ کی قدرت کی سب سے بڑی دلیل

الَّذِیۡ خَلَقَ الۡمَوۡتَ وَ الۡحَیٰوۃَ

موت و زندگی کو کیوں پیدا کیا تاکہ

لِیَبۡلُوَکُمۡ اَیُّکُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًاؕ

احسن عمل کیا ہے

- تم میں سے کون سب سے زیادہ عقل میں ماہر ہے.
- تم میں سے کون دنیا سے سب سے زیادہ بے رغبت ہو نے والا ہے .
- تم میں سے کون اللہ کی اطاعت کی طرف سب سے زیادہ جلدی کرنے والا اور حرام سے بچنے والا ہے.
- کون سب سے زیادہ موت کو یاد رکھنے والا اور اس کی تیاری کرنے والا ہے.
- تم میں سے کون سب سے زیادہ اپنی ذات کے عیببوں کوجاننے والا ہے.
- کون اپنے قضاء و قدر پر سب سے زیادہ راضی ہونے والا ہے اوراس کی آزمائش پر صبرکرنے والا ہے.

احسن عمل کی شرائط

- اخلاص
- طریقه درست ہو ,شریعت کے مطابق ہو.

احسان کیاہے

اللہ کی عبادت اس طرح کرو گویا تم اس کو دیکھ رہے ہو ورنہ یہ یقین رکھو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے(بخاری)

وَ ھو الۡعَزِیۡزُ الۡغَفُوۡرُ ۙ

العزیز وہ جو سب پر غالب ہو اور اسے کوئی مغلوب نہ کرسکے

الغفور گناہوں اور عیببوں پر پردہ ڈالنے والا

کرنے کا کام آج کی لیکچر کو کسی کے ساتھ شئیر کرنا ہے.

استاف ممبر

اکیڈمک ڈپارٹمنٹ

(کراچی ریجن)